"عثمان کیا میں تم سے کچھ مانگ سکتا ہوں"

بھابی کے کفن دفن کے بعد میں نے عثمان سے پوچھا

جواب میں عثمان نے مجھے خاموشی سے دیکھا اور جو بات میں نے کہی وہ سن کے اسکی خاموش آنکھوں میں بے یقینی تھی میں نے اسے بتایا کہ ہم نے اپنی وردہ کو کھو دیا ہے اور ماہم کبھی ماں نہیں بن سکتی۔

اور پھر یوں اللہ نے مجھے میری وردہ لوٹا دی وہ ہوبہو عیان احمد جیسی ہے بس میری بیٹی کے گال پہ ڈمپل بنتا ہے اور عثمان کے بیٹے کے چہرے پہ ڈمپل نہیں بنتا

میں نے ماہم کو ابھی تک نہیں بتایا ہے اسے بھابی کا بھی نہیں بتایا

۵ مئی

ہماری وری جان ہے ہماری وہ ایک مہینہ چھ دنوں کی ہو گی ہے ماہم کو سب بتا دیا ہے اور وہ خوش ہے بھابی کا بہت دکھ ہے سب کو۔۔۔۔

حوریہ نے بیچ کے صفحات پلٹا ہے وہ اس لڑکی کی کہانی جلد پڑھنا چاہتی تھی ابھی اس کا لڑکپن تھا

www.novelsclubb.com

۲۷مارچ ۲۰۰۷

آج ہماری وری کی دوسری سالگرہ ہے اور عثمان اس کا نکاح ملک (بڑا بھاہی) کے بیٹے سے کروانا چاہتا ہے زارون وردہ سے کچھ مہینے بڑا ہے شاید وہ نہیں چاہتا کہ وری اس سے کبھی جدا ہو وہ ایک باپ ہے جس نے اپنی بیٹی یعنی جان کا ٹکڑا مجھے دیا میں اس کا یہ احسان کبھی نہیں بھولوں گا خیر ہمیں کوہی اعتراض نہیں

میں ان دو سالوں میں بہت بار بھاہی جان کے پاس گیا لیکن وہ معاف کرنے کو تیار نہیں کاش پہلے ہی وہ میری اور ماہم کی شادی کے لیے رضامند ہوتے تو یہ سب نہیں ہوتا

۱۳اگست ۲۰۰۸

ان دو سالوں میں بہت کچھ بدل گیا نہیں بدلی تو وہ بس بھائی جان کی ناراضگی

خیر ہماری جان میری اور ماہم کی وری ساڑھے تین سال کی ہو گئی ہے لیکن وہ نہیں جانتی کہ وہ میرا خون نہیں ہے خیر بیٹی تو وہی ہے میں اپنی بیٹی کو بتاؤں گا اور مجھے یقین ہے وہ سمجھ جاہے گی

حوریہ نے بے صبری سے صفحہ پلٹا تو یہ کیا آگے کچھ نہیں لکھا تھا پھر باری باری صفحے پلٹے لیکن کچھ نہیں لکھا تھا

www.novelsclubb.com

کوہی الفاظ نہیں تھے صفحے بالکل خالی تھے

***.....................................

"یار تم دونوں کی واپسی کب تک ہو گی"

کاشان نے سنجیدگی سے پوچھا

"ہم دو دنوں تک اِنشاءاللہ آجاہیں گے"

"بڑی میرے خیال سے اب تمہیں انکل کو بتا دینا چاہیے وردہ کا"

فرجاد منت بھرے لہجے میں کہا

"نہیں ابھی نہیں کچھ وقت اور اور وردہ مل بھی جاہے پھر"

عیان نے دو ٹوک لہجے میں کہا یعنی بات ہی ختم

www.novelsclubb.com

دل تو نہیں کر رہا کہ تم دونوں کو اکیلے جانے دوں لیکن جاؤ جاؤ کیا یاد کرو گے کہ----"

"کس خبیث دوست سے پالا پڑا تھا"

عیان نے کاشان کی بات خود ہی مکمل کر لی اور کاشان منہ بسور کر رہ گیا خود کو خبیث بولے جانے پر جبکہ اس کی اتری شکل دیکھ کر وہ تینوں ہنس رہے تھے

وہ ایسے ہی تھے اپنی دنیا میں مگن انہیں پروا تھی تو بس ایک دوسرے کی انہیں اپنے آس پاس سے کوہی سروکار نہیں تھا ایک ساتھ وہ چاروں جو چاہے کرتے نہ وہ ایک دوسرے کو چھوڑ کر کسی پانچویں کے پاس جاتے اور نا ہی کسی پانچویں کو اجازت تھی ان کے اسکواہر کو خراب کرنے کی انہیں کوہی بھی ایک دوسرے سے بدگمان نہیں کر سکتا تھا انکی دوستی مثالی دوستی تھی

***.........................

نوری آنٹی کی طبیعت کیسی ہے اب؟؟؟"

زرتاشہ کے لہجے میں فکرمندی واضح تھی

تاشہ یار کیوں یہ نئے نام ایجاد کرتے رہتے ہو نور بی بی کم تھا کیا جو یہ نوری بھی ٹپک پڑا"

www.novelsclubb.com

زرتاشہ کا سوال نظرانداز کر کے وہ اپنے نام کے خراب کرنے کے دکھڑے رو رہی تھی

یار تیری طرح تیرا نام بھی اتنا بیوٹیفل ہے کہ دل کرتا ہے اسے نئے طریقے سے ایجاد کرتی رہوں پیاری نور بانو"

زرتاشہ کی بات سنتے ہوہے آخر میں تو گویا اسے صدمہ ہی لگ گیا تھا

"چڑیل"

نور کی دھاڑ کے ساتھ ساتھ کچھ دیر پہلے جو انہوں نے لیز کوک وغیرہ کھاہے تھے ان کچروں کی سیدھا زرتاشہ کے چہرے پہ لینڈنگ ہوہی تھی

"ارے کیا کر رہی ہو نور بخت"

زرتاشہ نے ہنستے ہوہے کہہ کر خود سارا کے پیچھے ہو گئی تھی اور اب سارا نور کی گولہ باری کا نشانہ بن رہی تھی اور نور کا تو بس نہیں چل رہا تھا کہ کیا کرے اپنا نام بگاڑے جانے پر وہ بھول چکی تھی کہ زرتاشہ نے اس کی ماں کی طبیعت کا پوچھا تھا زرتاشہ کی ہنسی رکنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی

***.....................

"بڑی ایک سونگ سناؤں"

www.novelsclubb.com

کاشان نے اجازت طلب نظروں سے زاورن کو دیکھتے ہوہے کہا

"ہمارے انکار کرنے پہ کونسا تو نے باز آنا ہے"

جواب فرجاد نے دیا تھا

"بجا فرمایا مسٹر سیریس"

کاشان نے دل پہ ہاتھ رکھ کر سر تھوڑا آگے کر کے کہا

"میں نے تمہارا سر پھاڑ دینا ہے اب اگر مجھے اس بے ڈھنگے نام سے بلایا"

"اٹس اوکے مسٹر بے ڈھنگے"

اس نئے نام پہ جہاں عیان اور زارون کا قہقے بے ساختہ تھے وہیں فرجاد کے جوتے کی لینڈنگ کاشان کے گود میں ہوہی تھی

"اس کرم نوازی کے لیے شکریہ اب میرا سونگ سنیں"

فرجاد کا جوتا اس کے پیروں کے پاس پھینکتے ہوے کہا

اے گزرتی ہوا میرا اک کام کرو گی کیا

میرے گردے کا دل کھو گیا ہے

اسے ڈھونڈنے میں مدد کرو گی کیا

میرے جگر کی ڈبلیکیٹ کھو گئی ہے

اسے میرے جگر کا پیغام دو گی کیا

www.novelsclubb.com

اور پھر یہ گانا سن کر جہاں فضاء میں فرجاد کے جناتی قہقے گونجے تھے وہیں آگے کاشان

اور اس کے پیچھے زارون اور عیان دوڑ رہے تھے

اور کچھ ہی دیر میں اسے پکڑ لیا تھا اور اب کاشان دی کپ کیک ان دونوں کے تشدد کا

نشانہ بنا ہوا تھا

***.............................

لاہور میں آ کے بس سے اتری تو اس کے چودہ طبق روشن ہوگئے

یا میرے مالک میں اب کہاں جاؤں کس کے پاس جاؤں عیان زارون میں تم دونوں کو "

"کبھی معاف نہیں کروں گی عثمان احمد میں تمہیں بھی معاف نہیں کروں گی

وہ سیاہ عبایا پہنے سیدھے جارہی تھی بد دعاہیں دیتے ہوہے اسے محسوس نہیں ہوا کہ اس

کے گال بھیگ گئے ہیں دل کا غبار آنکھوں کے راستے باہر آرہا ہے اسے اپنے والدین

شدت سے یاد آرہے تھے یہی سوچتے وہ تیز قدم اٹھاتی آگے بڑھ رہی تھی کہ کسی سے ٹکرا

گئی کچھ دیر پہلے اس کے جو چودہ طبق روشن تھے سب بجھ گئے تھے وہ جو زمین بوس ہونے

والی تھی ٹکرانے والے وجود نے اسے تھام لیا

www.novelsclubb.com

***...

بڑی ایک بات بتاؤ میرا نک نیم ہے مسٹر ساہیلنٹ کا ہے تیرا ہے پھر عیان کا کیوں "
نہیں؟

زارون نے سنجیدگی سے پوچھا لیکن آنکھوں سے شرارت واضح جھلک رہی تھی

"یار کبھی تو مجھے فرجاد بول دیا کرو میں تو اپنا نام بھی بھولنے لگا ہوں"

اس سے پہلے کہ کاشان کچھ کہتا فرجاد کی دہاہیاں اور ان تینوں کے جناتی قہقے عروج پر تھے

بپ کی آواز سے زارون اپنے موبائل کی طرف متوجہ ہوا ان کے قہقوں اور فرجاد کی دہاہیوں کو زارون کے زرد پڑتے چہرے کو دیکھ کر بریک لگا تھا

"What happen buddy"

www.novelsclubb.com

جواباً زارون نے اپنا موبائل ان کے سامنے کیا تھا

زاری میں جانتی ہوں وردہ کہاں ہے اگر مزید تم نے اسے ڈھونڈنے کی کوشش کی یا اگر "
وہ تمہیں مل گئی تو مجبوراً مجھے قاتل بننا پڑے گا

"لو یو

چاروں کو جیسے سانپ سونگھ گیا تھا

"میں سمجھ گیا کس کی حرکت ہے"

فرجاد کچھ سوچتے ہوہے بولا

"کس کی بتاؤ مجھے ابھی نانی یاد دلاتا ہوں اسکی"

عیان غصے سے بولا

"اوئے کنٹرول مسٹر جزباتی"

کوہی اور وقت ہوتا تو وہ دونوں خوشی سے نہال ہو جاتے کہ عیان کو بھی کوہی نک نیم ملا ہے

"دیکھو کاشی اور زری بھابھی کا نکاح ہو گیا ہے"

"ابھی ان دونوں کا کیا ذکر حد ہے ویسے یار"

-عیان بھڑک کر بولا

ابے لعنتی ایک بار پوری بات سنے گا؟"

www.novelsclubb.com

کاشان نے گھور کر کہا تو عیان کو چارو نا چار اب اسکی داستان سننی تھی

"بکو بھی اب"

مسلسل فرجاد کو خاموش دیکھ کر عیان نے اکتا کر کہا

***..ِ.....

"آنی میں پارک تک جاؤں"

"نہیں حور بیٹا آج نہیں جاؤ آج میرے ساتھ باتیں کرو"

"خیر میں آنی ہم غریبوں پہ پیار لٹایا جا رہا ہے"

حوریہ شرارت سے بولی

"بس ناشکری رہنا ساری زندگی میری جگہ لے کے بھی سکون نہیں ملا تمہیں"

www.novelsclubb.com

رباب مصنوعی افسوس سے بولی

تب ہی دروازے پہ دستک ہوہی

"آنی حور کو کہیں دروازہ کھولے"

"جا رہی ہوں ویسے بھی تم سے کہاں برداشت ہونا ہے آنی کا میرے لیے پیار

اس کی بات پہ آنی اور رباب دونوں مسکرا دیں

...............................***

آپ کون ہیں؟"

مس مجھے چھوڑیں آپ بتاہیں راستے میں بے ہوش ہوگہیں تھیں تو میں تمہیں ہوسپٹل "

"لائی اب میئوں لیٹ ہورہا ہے اگر آپ اپنا ایڈریس بتانا گوارا کریں گی تو نوازش ہو گی

اس کی نان اسٹاپ زبان دیکھ کر کوئی بھی بآسانی غش کھا سکتا تھا لیکن یہاں مقابل ان سب چیزوں کی عادی تھی

"یار تاشہ کتنا بولتی ہو"

اس کے زہن میں اپنا ہی کہا گیا جملہ گونجا

www.novelsclubb.com

"مس کیا سوچ رہی ہیں"

رباب نے اس کے چہرے کے سامنے ہاتھ پھیرتے ہوہے کہا

"چھوڑ دیں گیں آپ orphanage home مجھے کسی"

"Why not whatttttt"

رباب جو اپنے ہی دھیان میں حامی بھر رہی تھی اتنی زور سے چیخی کہ مقابل کو لگا کہ وہ قوتِ گویائی سے محروم ہو جاہے گی

کیپیا ہو۔۔آپ ٹھیک تو ہیں؟"

"ہاں میں ٹھیک ہوں لیکن تم پہ مجھے شک ہے اٹھو لیٹ ہو رہا ہے جلدی کرو

رباب نے دھیمی آواز میں کہا

***........................

"آنیییی"

"اسلام و علیکم رباب میری بچی کیا ہوا"

آنی نے سلام کرنے کے بعد کہا کیونکہ رباب کا یوں چلانا کوہی عام بات نہیں تھی

"آنی دیکھیں کون آیا ہے"

رباب میری بچی یہ کون ہے؟"

آنی نے رباب کے پیچھے عبایا پہنے لڑکی کو قدرے حیرانگی سے دیکھتے ہوہے کہا

جانا ہے لگتا ہے جزباتی ہو گھر چھوڑ کے آہی orphanage home آنی اسے"

ہے"

رباب نے اسے بازو سے پکڑ کر آگے کرتے ہوہے کہا

کیا ہوا نام کیا ہے آپکا بچے؟"

"حووریہ"

لہجے میں لڑکھڑاہٹ واضح تھی

ادھر آؤ میرے پاس بیٹا تمہیں دارالامان کیوں جانا ہے تم چاؤ تو ہمارے ساتھ بھی رہ "

"سکتی ہو

لہجا بالکل اپنوں والا

یہ سچ ہے کہ کبھی ہمارے خون کے رشتے بہت تلخ ہوتے ہیں لیکن اس کے برعکس

احساس کے رشتے شیریں جتنے خون کے رشتے زہر اگل رہے ہوتے ہیں وہیں احساس کے

رشتوں میں شہد ٹپک رہا ہوتا

قدرت خون کے رشتے چھین کے احساس کے رشتے دیتی ہے اور کبھی احساس کے چھین کے خون کے

***......................

"آپ لوووگ"

حوریہ کا تو رنگ ہی فق ہو گیا تھا

"وعلیکم سلام"

لہجے میں شرارت واضح تھی

"آپ لوگ یہاں کیوں آہیں ہیں جج---جاہیں پلیز میں آجاؤں گی"

لہجے میں ڈر خوف واضح تھا پکڑے جانے کا کسی کے چھن جانے کا مان ٹوٹنے کا خوف ہی خوف

www.novelsclubb.com

مقابل نے بمشکل مسکراہٹ دانتوں تلے دباہی تھی

"میڈم آپ کون ہیں ہم یہاں کسی اور سے ملنے آئے ہیں"

مطمئن انداز میں کہے گئے یہ الفاظ حوریہ کے دماغ میں اٹک گئے تھے

"آیا بڑا میڈم آپ کون ہیں"

وہ خود سے ہی بڑبڑا رہی تھی کہ وہ دونوں اس کے سا ہیڈ سے ہو کے اندر بڑھ گئے

***.............................

آؤ حوریہ

یہ ہینڈسم میرا سیکنڈ کزن ہے لیکن لگتا نہیں بکاز وی آر بیسٹ فرینڈز اور یہ بھی سیکنڈ "

"کزن یہ سیکنڈ کزن ہی ہے

اینڈ ہینڈسم یہ میری پیاری دوست

رباب نے ان دونوں کا تعارف کروا کر حوریہ کا تعارف کروایا

"ربی یہ آپ سے زیادہ پیاری تو نہیں ہے"

حوریہ کی تو پٹ سے آنکھیں کھلی تھیں ضبط سے چہرہ سرخ ہوا تھا جو وہ سرعت سے جھکا گئی

***.......................................

"میرے والدین نہیں ہیں"

www.novelsclubb.com

یہ بات کرتے ہوئے لب کپکپارہے تھے جو اس نے دانتوں تلے دبا دیے تھے

"بیٹا اتنا عرصہ تو تم کسی کے ساتھ رہی ہو گی نا"

لہجے میں حیرانگی واضح تھی

چاچی"یک لفظی جواب دیا"

میں تمہاری بھی آنی ہوں یہاں کوئی مرد نہیں ہے تم یہیں رہو گی رباب حور کو کمرے "
"میں لے جاؤ وہ آرام کرے گی

کچھ بھی پوچھے بغیر اسے کمرے میں بھیجنے کو کہا وہ اپنے رب کا جتنا شکر ادا کرتی کم تھا "
جس نے اسکو اس معاشرے کے مرد نما بھیڑیوں سے بچا لیا تھا اس کی حفاظت کی تھی
گھر سے نکلتے وقت اس نے نہیں سوچا تھا لیکن روڈ پہ پیدل چلتے ہوئے

جب اس کے پاس کوئی نہیں تھا تو اسے اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہوا تھا لیکن وہ
تو تھی ہی جزباتی جدی پشتی جزباتی کام کرنے سے پہلے نہیں بعد میں سوچنے والی

***..................................

"التاشہ"

www.novelsclubb.com

"ماں صدقے خیر تو ہے ہمیں اتنے پیار سے پکارا جارہا ہے"

"ہاں یار بس عجیب فیل ہو رہا ہے سب خیر ہو وری بھی ٹھیک ہو"

پریشانی واضح تھی

یار وہ دیکھو زرتاشہ نے اس کے بیگ کی طرف اشارہ کیا اور یہ کیا نور کی چیخیں اور زرتاشہ " کے قہقے تھوڑے فاصلے پہ لیٹے فرجاد اور کاشان کو بوکھلانے کے لیے کافی تھے

***..........................

"What happened zarii?

کاشان کے لہجے میں پریشانی واضح تھی

"تاشہ چھوڑوں گی نہیں میں تمہیں ہمت کیسے ہوئی تمہاری تم نے مجھے ڈرایا"

www.novelsclubb.com

"بے بی گرل پکڑ کر تو دکھاؤ"

تھوڑے فاصلے پر کھڑی زرتاشہ نے اسے چڑاتے ہوئے کہا وہ جو چاہتی تھی کہ نور کی اداسی ختم ہو جائے تو وہ آسانی سے اس مقصد میں کامیاب ہو گئی تھی کچھ دیر کے لیے ہی سہی اس کی دوست خوش ہو گئی تھی

یہ بات تو طے تھی کہ یہ کبھی جان بوجھ کر ایک دوسرے کے آنسوؤں کا سبب نہیں بنتی تھیں وہ تو ہمیشہ ایک دوسرے کی مسکرانے کی وجہ تھیں

تھیں وہ دوستی میں مخلص تھیں منافقت کا سوچ بھی نہیں soul sisters وہ سکتیں تھی

نامحسوس انداز میں پاس کھڑے فرجاد اور کاشان کے لبوں پر مسکراہٹ تھی آنکھوں میں رشک تھا

وہ دونوں فرجاد اور کاشان کو یکسر فراموش کیے ہوہیں تھیں

***........................

اسے دو دن ہوہے تھے یہاں رہتے ہوہے لیکن دوستوں کی یاد شدت سے آرہی تھی بہت سوچنے کے بعد اسے جب کچھ سمجھ نا آیا تو اس نے دوستوں سے رابتہ کرنا ہی ضروری سمجھا

www.novelsclubb.com

اس طرح ایک بار دوبارہ انہیں یقین ہو گیا کہ وہ ایک دوسرے کے بغیر نہیں رہ سکتے

***...

"حور چلو پلیز اس ہینڈ سم کے پاس چلتے ہیں"

"میں نے نہیں جانا تم جاؤ اس لفنگے ہینڈسم کے پاس"

آخر میں بس بڑبڑائی تھی لیکن رباب نے بخوبی سن لی تھی اس کی بات

وہ لاپروائی سے کندھے اچکا کے چل دی

***..........................

وہ چاروں آہیسکریم کھانے آئے تھے حوریہ کا بالکل بھی دل نہیں کر رہا تھا لیکن رباب کے بہت کہنے پر وہ آگئی تھی اب بھی بمشکل ضبط کیے بیٹھی تھی

"ہینڈسم میرے لیے اپنا فیورٹ فلیور لینا"

رباب کی بات پر عیان نے زارون کو گھورا جبکہ وہ مسکرا دیا جیسے یہ سب کر کے اسے مزہ آرہا ہو

"یہ بھی کوئی کہنے کی بات ہے"

www.novelsclubb.com

زارون کے لہجے میں کیا کچھ نہیں تھا

"آئی تھنک ہمیں چلنا چاہیے مجھے لگتا ہے حوریہ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے"

عیان نے زارون کو گھورتے ہوئے کہا

بڑی اسکی طبیعت خراب نہیں ہوتی یہ محترمہ دوسروں کی طبیعت خراب کرنے کا ہنر رکھتی ہیں"

زارون نے عیان کی طرف جھک کر اتنی آواز میں کہا کہ حوریہ بآسانی سن سکتی تھی

"ہم نے تو ابھی تک کچھ نہیں کیا"

رباب نے حوریہ کو دیکھتے ہوئے کہا

"ہاں تم لوگ انجوائے کرو میں آتی ہوں کچھ دیر میں"

"اگر بھاگ گئی میرا مطلب ہے کھو گئی تو"

زارون کی بات سن کر عیان نے بمشکل اپنا امڈتا قہقہ ضبط کیا

"مسٹر پھر تو تمہیں بڑی خوشی ہو گی لیکن افسوس ایسا کچھ نہیں ہونے والا"

عجب بے نیازی سے کہا گیا یہ جملہ زارون کو قہقہ لگانے پر مجبور کر گیا تھا

***........................

"کیسی ہو وردہ"

رات کو لان میں بیٹھی چاند کو دیکھتی اپنے ساہیڈ سے زارون کی آواز سن کے اچھل ہی تو پڑی تھی

"دل بھر گیا اس سے"

وردہ نے طنزیہ پوچھا

پتہ نہیں تمہیں تو دل سے پوچھ کے بتاتا لیکن افسوس میرا دل میرے پاس نہیں ہے"

"وردہ کل گھر چلیں تمہاری چڑیلیں سوری آئی مین پریاں تمہیں یاد کر رہی تھیں

پہلی بات سنجیدگی سے کہہ کر دوسری بات میں شرارت واضح تھی

"مسٹر میں وردہ نہیں حوریہ ہوں"

وارننگ دیتے انداز میں کہا

"بڑی جلدی یاد نہیں آگیا تمہیں"

www.novelsclubb.com

زارون کے پاس قطعاً طنز کے تیروں کی کمی نہ تھی

اپنے یہ تیر کہیں اور استعمال کرو ورنہ----------"

"کیا کر لو گی مس بگھوڑی سوری سوری آئی مین مس خوبصورت"

"زیادہ طعنے دینے کی ضرورت نہیں ہے بھاگی بھی میں تم گدھے کی وجہ سے تھی"

زارون تو ششدر رہ گیا تھا اس بھیگی بلی کو شیرنی کے روپ میں دیکھ کر

"Excuse me"

وہ اس کے ساہیڈ سے گزر گئی تھی لیکن پیچھے سے زارون کا قہقہ بخوبی اس کے گوش گزار ہوا تھا

***.....................

تین ہفتے ہو گئے وردہ بھابھی کو گئے ہوئے اس کی دوستیں شروع میں پریشان تھیں "لیکن اب نہیں مطلب کہ ان کا اس کے ساتھ رابطہ ہے اب ہمیں کیسے بھی کر کے معلوم کرنا ہے کہ وہ کہاں ہے"

فرجاد خاموش ہوا تو وہ سب ستائشی نگاہوں سے اسے دیکھ رہے تھے

اب کیسے معلوم کریں گے؟؟؟"

کاشان نے پر سوچ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا

www.novelsclubb.com

کاشی آج تو بھابھی سے اگلوانے کی کوشش کرنا جانتا ہوں ایسی کوئی بات نہیں کرے " گی لیکن اس کے لہجے سے ہمارے شک کی تصدیق ضرور ہو جائے گی اور پھر دیکھتے ہیں آگے کیا سوچنا ہے"

عیان نے اپنا نقطہ نظریہ پیش کیا

اس سے پہلے کہ زارون ماضی کے سمندر میں ڈوب جاتا عیان کی آواز نے اسے کھینچ کے حال میں پٹخا تھا-------------------

***..............................

"منحوس انسانوں دو دن کا بول کے آج تیسرا دن ہے ادھر ہی پڑے ہو"

کاشان نے ڈرامائی انداز میں کہا

"کنٹرول بڑی بھول مت ہم تمہارے دوست ہیں بھابھی نہیں کہ تو یوں اتاؤلا ہو رہا ہے"

www.novelsclubb.com

زارون کی بات پہ چاروں کو قہقے گونجے تھے

بد تمیز انسان بات گما مت بتا کب آرہا ہے تیرا مسئلہ نہیں ہے لیکن اس جزباتی کا کچھ " سوچ کب سے بیچارے نے دیدار نہیں کیا"

کاشان تو کبھی اپنی زبان کو لگام دے ہی نہیں سکتا تھا

"تو ٹینشن نہ لے ایک ہفتے تک آجاہیں گے"

"واٹ"

زارون کی بات سن کر فرجاد اور کاشان دونوں کا حیرت سے منہ کھل گیا تھا

"بڑی ہفتہ بولا ہے سال نہیں جو یوں اچھل رہا ہے"

عیان بس انکو دیکھ رہا تھا وہ ویڈیو کال پہ ایسے بات کر رہے تھے جیسے آمنے سامنے ہوں

تجھے پتہ ہے بڑی لاہور محبتوں کا شہر ہے اور مجھے تو اس شہر کی محبت راس آگئی ہے "

"میں نے نہیں آنا دوبارہ اس کھڑوس اسلاآباد میں

زارون کی بات سن کر وہ دونوں ششدر ہی تو رہ گئے تھے

اوئے رومیو زیادہ اچھل مت مسٹر سیریس کا توپتہ نہیں اس جزباتی اور مجھ ہینڈسم کے "

"لیے ہمارا اسلاآباد ہی محبتوں کا شہر ہے

"شکل دیکھ ہینڈسم کے نام پہ دھبہ ہے دھبہ"

فرجاد نے گھور کر کہا

www.novelsclubb.com

"بڑی بات سن لاہور میں کسی نے زارون کو ہینڈسم کا لقب دیا ہے"

کیااا سچیییی لیکن کس نے؟"

ایک ساتھ کاشان نے کتنے سوالوں کی بوچھاڑ کر دی تھی

وقت گزر رہا تھا گیسٹ روم کی کھڑکی سے جھانکتا چاند ان چاروں کو رازونیاز کرتا دیکھ دہا تھا

ستارے سوچ رہے تھے کہ کوئی رشتہ سچا ہو چاہے وہ خون کا نا ہو صرف احساس کا ہو لیکن اگر کوئی اس رشتے میں مخلص ہو نبھانا چاہتا ہو تو لوگ اور دوریاں چا کر بھی کچھ نہیں کر سکتے

***.....................

یا اللہ یہ کیوں آگئے یہ کیا چاہتے ہیں اب میں آنی کو کیا کہوں گی"

کیا وہ مجھ پہ بھروسہ کریں گی؟

کیا انہیں بہت دکھ ہو گا؟

کیا آنی اور رباب مجھے اسی طرح پیار کریں گی؟

کیا میں دوبارہ کبھی انسے مل سکوں گی؟

www.novelsclubb.com

ایسے بہت سے سوال وردہ کے دماغ میں گردش کر رہے تھے جنکا جواب اس کے پاس نہیں تھا

..................***

"آنی مجھے آپ سے بات کرنی ہے"

"کیا بات کرنی ہے؟ میری بچی آؤ میرے پاس"

آنی کے اس شیریں لہجے پہ وردہ کو اپنا آپ مجرم لگنے لگا یک لخت اس کی آنکھیں نم ہو گیئں اس کے دل نے شدت سے اس وقت دعا کی کہ

کاش اس دن وہ گھر سے نا نکلی ہوتی

کاش جب وہ گھر کی دہلیز پار کر رہی تھی وقت تھم گیا ہوتا

کاش وہ اس دن رباب سے ٹکرائی نہ ہوتی

کاش رباب اسے یہاں نا لائی ہوتی

کاش اس نے اپنی پہچان نا چھپائی ہوتی

کاش انہوں نے اس اتنی محبت نا دی ہوتی

www.novelsclub.com

کاش اس کے گھر والے اسے ڈھونڈ نا پاتے

کاش کی ایک لمبی قطار تھی اور اس سے پہلے کہ یہ قطار اور لمبی ہوتی آنی کی آواز نے اسے کھینچ نکالا

"کیا پریشانی ہے بیٹا"

"I'm sorry Aaniii"

"کوئی بات نہیں تم میری بیٹی ہو"

آنی کی بات پہ اس نے جھٹکے سے سر اٹھایا تھا وہ حیران سی انہیں دیکھ رہی تھی"

جیسے اسے یقین نا آیا ہو

جیسے وہ کوئی خواب دیکھ رہی ہو

www.novelsclubb.com

لیکن حقیقت تھی آنی نے وہی کہا تھا جو اس نے سنا تھا

وردہ میں سب جانتی ہوں مجھے برا نہیں لگا کہ تم نے اپنی پہچان چھپائی تم وردہ سے "

حوریہ بنی بس مجھ سے وعدہ کرو کہ تم مجھے آج سے اپنی آنی ہی سمجھو گی جو ہو گیا سو ہو گیا

"لیکن اب میری وری مجھ سے کچھ نہیں چھپائے گی ٹھیک ہے

اتنا شیریں لہجہ بغیر کسی طنز کے کسی تنقید کے اتنے دنوں سے وردہ کے دل میں موجود گبار کو نکلنے پر مجبور کر گیا تھا وہ رو رہی تھی آنی کے گلے لگ کے وردہ ان لوگوں میں سے تھی جنکو خدا خون کے رشتے لے کے احساس کے رشتے دے دیتا ہے خون کے رشتے دور ضرور ہو جاتے ہیں لیکن کبھی ختم نہیں ہو سکتے کیونکہ وہ خون کے رشتے ہوتے ہیں جو آسانی سے ختم نہیں ہوتے

"آنی پلیز مجھے معاف کر دو"

"بیٹا کوئی بھی ہوتا تو یہی سب کرتا لیکن کیا آپ اپنی آنی کی ایک بات مانو گی"

آنی میں سب مانوں گی آپ نے مجھے اپنی بیٹی کہا ہے تو میں اپنی ماما کو کیسے انکار کر "سکتی ہوں"

اس کے لہجے میں سچائی تھی وہ واقعی انکی احسان مند تھی کہ جب اس کے اپنے اس کے پاس نہیں تھے تو آنی اور رباب نے اس کا ساتھ دیا اسے پیار دیا اپنوں کا احساس دلایا

بیٹا اس ماں کی درخواست سمجھ کر اپنی زندگی کا یہ باب ختم کر دو ایک نیا باب شروع " کرو میں اپنے رب سے دعا کروں گی کہ میری بیٹی کے اس باب میں خوشیاں ہونگی ازیتیں پچھلے باب کے ساتھ ختم ہو جاہیں گی لیکن میری بچی ایک بات مت بھولنا کہ دکھ ہماری

www.novelsclubb.com

زندگی کا حصہ ہوتے ہیں ایک انسان کبھی ہمیشہ خوش نہیں رہ سکتا اگر ایسا ہوتا تو ہمیں اپنی خوشیوں کی قدر ہی نا ہوتی ہمیں ہماری خوشی محسوس ہی نہیں ہوتی میری بچی میں نہیں کہتی کہ تمہارا یہ نیا باب تمہیں راس آجائے گا اس میں تمہیں کوئی دکھ نہیں ملے گا یہ سب اللہ کو پتہ ہے جو عالم الغیب ہے لیکن اتنا ضرور کہوں گی کہ صبر کا دامن کبھی نہیں چھوڑنا "بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے"

وردہ کسی غیر مرعی نقطے کو تکتے ہوئے انہیں سنے جا رہی تھی اس کی آنکھیں نم تھیں

"آنی یہ میرے لیے مشکل ہے لیکن میں آپکی بات ضرور مانوں گی کیونکہ مجھے میری انیس سالہ زندگی میں پہلی بار لگا ہے وردہ فاروق کی ماما ہیں"

"Sorry my cute twin sister your name is warda ahmed not warda farooq"

www.novelsclubb.com

عیان مسکراہٹ دباتے ہوئے بولا

"آنی سمجھاہیں اسے"

آنی مسکرا رہی تھی اس سے پہلے کہ آنی اپنا فیصلہ سناتی

"آنی سمپل یہ وردہ فاروق بھی نہیں ہے اور وردہ احمد بھی یہ وردہ زارون احمد ہے"

رباب کے اس فیصلے سے سب متفق تھے

"بڑا آیا"

وردہ کی یہ بڑبڑاہٹ زارون نے بخوبی سنی تھی

"خیر آنی آج پیکنگ کر لیں اسلاآباد کے لیے نکلنا ہے پاپا کی کالز پہ کالز آرہی ہیں"

"بیٹا گھر میں بتایا ہے"

نہیں آنی سب کے لیے سرپرائز ہے چھوٹے بابا کو کہا کہ گومنے جا رہے ہیں تو کل "

"انہوں نے کاشی اور فرجاد کو دیکھ لیا بس اب اسی لیے مشکوک ہو گئے ہیں

وردہ کا دل زور سے دھڑکا تھا گھر کے نام پہ رشتوں کے نام پہ ساری زندگی ایک گم نام سی زندگی گزار کے اب اچانک بابا کا سوچ کے اس کا روم روم کانپ اٹھا تھا خوشی بھی تھی لیکن ایک چیز نے اداس کر دیا تھا کہ اس کی ماما اس باب میں بھی نہیں اس زکر پہ خودبخود اس کی نظریں آنی کے دوپٹے کے حالے میں صاف چمکتے چہرے پہ ٹھہری تھیں جو زارون سے کوئی بات کر رہی تھی اتنا تو وہ جان چکی تھی کہ رباب اور زارون اس کو جیلس کروانے کے لیے یہ سب کر رئے تھے زارون کے زکر پر اس کے لبوں پر مسکراہٹ آگئی

www.novelsclubb.com

تھی رشتہ ہی ایسا تھا کہ وہ کوئی اور نہیں اس کا محرم تھا تب سے جب وہ دو سال کی تھی--------

***..

"What are you doing cute twin sis???

لاؤنج میں صوفے پہ دونوں ٹانگیں اوپر کر کے بیٹھی وردہ اچانک اپنے پیچھے سے عیان کی آواز سن کے گرتے گرتے بچی

"ریلکس میری بہنا"

عیان آکے بالکل اس کے ساتھ صوفے پہ بیٹھ گیا

اچھا تو کیا کرہی ہو؟"

اپنا سوال دوبارہ دہرایا گیا

www.novelsclubb.com

"Traveling"

یک لفظی جواب

"What???

اب گرتے گرتے بچنے کی باری عیان کی تھی

"ریلکس میرے بھیا"

وردہ اس کے انداز میں بولی

تھے twins میز پہ رکھے گلدان نے تاسف سے سوچا تھا کہ وہ دونوں واقعی

"کر رہی تھی travel میں سوچوں میں"

وردہ کی بات پہ عیان کا قہقہ بلند ہوا تھا

میں آپکو کیا بولوں؟"

وردہ کنفیوز سی بولی

"ارے اس مسئلے پہ میں نے تو سوچا ہی نہیں"

www.novelsclubb.com

عیان کے ڈرامائی انداز پہ وہ دونوں مسکرا دیے

شکل twins ایک ہی دن میں ان دونوں میں اچھی انڈریسٹینڈنگ ہو گئی تھی وہ تھے ہی کے ساتھ ساتھ عادات بھی کافی سیم

ایک بات پوچھوں؟؟؟"

"پوچھو"

مجھے کیسے ڈھونڈا؟؟؟"

"پہلے پرامس کرو آہینده ایسا نہیں کرو گی"

"پکا پرامس"

وہ دونوں مسکرا دیے

"یہ سب اپنے ہسبینڈ سے پوچھنا"

"Bahiya that's not fair"

"بہنا اس سے پوچھنا وہ بتا دے گا"

عیان مسکرا کر بولا وہ تو نہال ہی ہو گیا تھا وردہ کے منہ سے بھیا سن کر

www.novelsclubb.com

"بھیا میں ناراض ہوں آپ سے"

کیوں میری گڑیا اب بھیا سے ایسا کونسا گناہ سرزد ہو گیا؟؟؟"

عیان نے مصنوعی پریشانی سے کہا

بھیا رباب اور زا۔۔۔۔رون نے مجھے تنگ کیا اور آپ نے کچھ نہیں کیا"

عیان نے وردہ کا زارون کے نام پہ اٹکنا واضح محسوس کیا تھا

"میری گڑیا میں ابھی تھوڑی دیر میں آیا"

عیان نے اپنے لب وردہ کی پیشانی پہ رکھے اور گیسٹ روم کی طرف چل دیا اس کی مسکراہٹ واضح تھی آج اسے اس کی گڑیا مل گئی تھی ہمیشہ کے لیے--------------

***..............................

"اسلام و علیکم مسز زارون احمد"

وردہ کی تو پوری آنکھیں کھل گئی تھیں چودہ طبق روشن ہو گئے تھے

کیونکہ زارون نے زمین پہ بیٹھ کر صوفے سے ٹیک لگا کے اپنا سر وردہ کے گود میں رکھ دیا تھا

یہ کیا کر رہے ہو دماغ چل گیا ہے کیا؟؟؟"

www.novelsclub.com

وردہ نے بمشکل لہجے کی لڑکھڑاہٹ پہ قابو پایا

"مجھے باتیں کرنی ہیں آپ سے"

"تو سیدھے بیٹھ کر کریں ابھی بھیا آجاہیں گے"

وردہ اس کا سر اپنی گود سے ہٹاتے ہوئے بولی

پہلی بات وہ نہیں آئے گا"

دوسری بات آئے بھی تو کوئی مسئلہ نہیں

تیسری بات یہاں تو کیا میں یونی میں بھی ایسے تمہاری گود میں سر رکھوں تو کسی کو حق

"نہیں اعتراض کا

اس نے وردہ کے دونوں ہاتھ تھام لیے تھے

وردہ سمجھ چکی تھی کہ عیان کو کیا ضروری کام تھا

خیر سوالات کی بارش جو میرے معصوم بھائی پر ہو رہی تھی وہ سارے سوال مجھ سے کر "
سکتی ہو جوابات مل جاہیں گے

"لیکن مجھے قیمت چاہیے"

www.novelsclubb.com

مجھ سے بھی پیسے لو گے؟؟؟"

معصومیت سے پوچھے گئے سوال کے پیچھے ڈھیروں حیرانگی تھی

"ہاں میں اوپر جا رہا ہوں دو کپ کافی کے لے کے آؤ"

وہ اس کا گال تھپتھپا کر چل دیا وہ پیچھے حیرانگی سے اسے جاتے دیکھ رہی تھی

"جلدی لانا"

بغیر مڑے کہے گئے یہ الفاظ وردہ کو سٹپٹانے پر مجبور کر گئے وہ خود کو کوس رئی تھی کہ کیا ضرورت تھی پیچھے سے اسے دیکھنے کی

**..................

وہ چئیر پر بیٹھا چاند کو تک رہا تھا ہوا اس کے سیاہ گھنے بالوں کو چھیڑ رہی تھی سیاہ کمیض شلوار میں وہ اس رات کی تاریکی کا حصہ لگ رہا تھا چاند کی روشنی اسے اور بھی ہینڈسم بنا رہی تھی

آخری سیڑھی چڑھ کر جب وردہ کی مظر اس پر پڑی تو اس کا دل زور سے دھڑکا تھا سامنے کوئی اور نہیں اس کا محرم اس کا شوہر تھا جو صرف اور صرف اس کا تھا

"آجاؤ یا وہیں کھڑا رہنے کا ارادہ ہے"

"یا اللہ اس آدمی کا چار آنکھیں ہیں کیا"

وردہ بڑبڑاتی ہوئی آگے آئی

www.novelsclubb.com

"کافی"

اس نے مسکراتے ہوئے مگ لے لیا اور دوبارہ چاند کی طرف متوجہ ہو گیا

دونوں کے درمیان ہنوز خاموشی کا راج تھا وردہ کے بال جو ایسے ہی ڈھیلے جوڑے میں بندھے تھے وہ کھل چکے تھے اور اب ہوا کی مدد سے اڑتے ہوئے زارون کی کندھے کو چھو رہے تھے

کیسے معلوم ہوا کہ میں یہاں ہوں؟؟؟"

"فرجاد اور کاشی کی وجہ سے معلوم ہوا"

"انہیں کیسے پتہ چلا"

"بھابھی کی وجہ سے"

جھوٹ صاف جھوٹ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ زری بتائے میں مان ہی نہیں سکتی ہم" ہیں ہم جان دے دیں گے لیکن ایک دوسرے کے راز نہیں ہم soul sisters "کوہی آجکل کے دوست نہیں ہیں اسکول سے ایک ساتھ ہیں میں زری اور نور

"اوکے باس میں سمجھ گیا"

شرارت سے کہے گئے اس جملے کی وجہ سے چھت پہ دونوں کی ہنسی گونجی تھی زارون کی دل نے ایک بیٹ مس کی تھی

گزرتی ہوا نے دونوں کی نظر اتاری تھی

چاند نے ہمیشہ ہنستے رہنے کی دعا کی تھی

چاند کی دعا سن کر ستاروں نے مل کے آمین کہا تھا

لیکن کون جانے کیا ہونے والا تھا-----------------

***.................

فرجاد کو شک ہوا تھا کہ تم کہاں ہو یہ تمہاری دوستیں جانتی ہیں اور ہم یہ بھی جانتے " تھے کہ وہ اگر جانتی ہیں تو بھی ہمیں نہیں بتاہیں گی عیان نے کاشان کو کہا کہ وہ بھابھی سے اس بارے میں بات کرے بھابھی نے جب بات پلٹائی تو شک یقین میں بدل گیا

ابھی ہم کچھ کرتے کہ اسی دن بھابھی اپنا موبائل گاڑی میں بھول گئیں تھیں

کال آئی نمبر سیو تھا وری سے

www.novelsclubb.com

کاشان نے پہلی فرصت میں وہ نمبر نکالا

"یار ٹریٹ تیار کر بھابھی مل گئی"

کاشان نے سنجیدگی سے کہا

"ابے بکواس بند کرو صحیح بات بتاؤ"

زارون جھنجلاتے ہوئے بولا

"پہلے ٹریٹ وہ بھی تگڑی"

کاشان کی بات چاروناچار زارون کو ماننی پڑی

"چل ڈن ہوگیا اب بکواس کر دے"

"یہ نمبر ملا"

www.novelsclubb.com

"بتا تو صحیح نمبر کس کا ہے"

"بھابھی زری والوں سے اس نمبر سے بات کرتی ہے"

"اوئے عقل ایسے تو وہ وہاں سے بھی چلی جائے گی"

عیان نے اسے ڈپٹا

نمبر ملا کے دیکھتے ہیں یہ پتا لگ جائے گا بھابھی کا اپنا موبائل ہے یا کرائے کا(کسی اور "
کا)

***......................

"ہیلو"

کال ملانے پہ دوسری جانب نسوانی آواز ابھری

زرینہ کیسی ہو؟؟؟"

زارون نے سنجیدگی سے کہا

وہ تینوں اچھنبے سے اسے دیکھ رہے تھے

"میں زرینہ نہیں رانگ نمبر ملایا ہے"

رکھائی سے کہہ کر بغیر کچھ سنے فون رکھ دیا گیا

فون بند ہوتے ہی ان تینوں کے جناتی قہقہے پورے ریسٹورینٹ کے در و دیوار ہلا گئے تھے
لیکن یہاں پروا کسے تھی

"زاری یار یہ زرینہ کون ہے ہم خوامخوا خوار ہو رہے ہیں بھابھی کے پیچھے"

کاشان بمشکل ہنسی روکتے ہوئے بولا زارون کوس رہا تھا اس وقت کو جب اس کے منہ سے یہ زرینہ نام نکلا

***..

ہیلو مسٹر کل بھی کہا تھا رانگ نمبر ہے آج دوبارہ کال کر دی ہے عقل ٹخنوں میں ہے "کیا آہیندہ کال کی تو وہ حشر کروں گی کہ آہیندہ کال تو کیا موبائل استعمال کرنے کے قابل بھی نہیں رہو گے"

"مس رباب پلیز ایک بار میری بات سنیں"

اس س ءے پہلے کہ وہ کال کاٹتی زارون نے اس کا نام لے کر اسے ششدر کر دیا تھا

***..........................

پھر بڑی مشکلوں سے اس کنوینس کر کے اس وہ ڈائری دی کہ وردہ کو دے پڑھنے کے لیے تاکہ اس کی ساری بدگمانیاں ختم ہو سکیں

عیان اور زارون اس ڈائری کے بارے میں جانتے تھے

کور اسٹوری بنا کے یہ ڈائری وردہ کو دے انہیں یقین تھا کہ ڈائری پڑھنے کے بعد وہ سب سمجھ جائے گی

بعد میں پتہ چلا کہ ماما کی جو فرینڈ لاہور میں ہیں وہ کوئی اور نہیں آنی ہیں اسی لیے ہمیں یہاں رہنے اور تمہیں جیلیس کروانے میں کچھ مشکل نہیں ہوئی

***...

"توبہ زاری تم لوگ ڈرامہ ہو"

وردہ بے ساختہ بولی

"اور تم لوگ فلم"

زارون نے بھی دوبدو جواب دیا

"تم لوگ شیطان کے چیلے"

www.novelsclubb.com

وہ زیرِ لب مسکراہٹ دبا کر بولی

"تم لوگ چڑیلوں کا خاندان"

وہ بھی اسی انداز میں مسکراہٹ دبا کر بولا

تو دونوں ہنس دیے

"ایسے نہیں ہنسو کوئی جن تم پہ عاشق ہو جائے گا"

زارون اچانک بولا

"اور تم پہ کوئی چڑیل عاشق ہو جائے گی"

جواب تیار تھا

ایک سیر تھا تو دوسرا سوا سیر

"وری ایک بات کہوں"

زارون اس کے دونوں ہاتھ پکڑ کر بولا

"ہمم"

www.novelsclubb.com

وہ صرف اتنا ہی کہہ سکی

" زارون احمد چاہتا ہے کہ مسز وردہ زارون احمد جیسے اپنی دوستوں پہ بھروسہ کرتی ہے جیسے اسے اپنی دوستوں پہ مان ہے جیسے سب انکی دوستی کو رشک سے دیکھتے ہیں اسی طرح وہ اپنے شوہر پہ بھروسہ کرے مان رکھے کہ سب انکے رشتے کو رشک سے دیکھیں"

وہ یہ سب اسے ہی دیکھ کر کہہ رہا تھا

"مسٹر وہ میری بچپن سے دوستیں ہیں"

وردہ مصنوعی سنجیدگی سے بولی

"مسز میں بھی تو تمہارا بچپن سے شوہر ہوں"

برجستہ جواب تیار تھا

وہ دونوں ہنس دیے رات آہستہ آہستہ سرک رہی تھی

***.........................

"آنی میں آؤں گی آپ دونوں سے ملنے"

وردہ آنی کے گلے لگی رباب کو دیکھتے ہوئے بولی

www.novelsclubb.com

آنی میڈم کے من میں لڈو پھوٹ رہے ہیں اسلاماآباد جانے کی خوشی میں اوپر سے یہ "

"ڈرامہ کر رہی ہے

رباب مصنوعی دکھ سے بولی

ہاں لڈو تو ضرور پھوٹیں گے مہینہ بھر تم چڑیل کو برداشت کرنے کے بعد جان چھوٹ "
رہی ہے"

وردہ نے اس انداز سے کہا کہ جیسے قید سے رہائی ملی ہو

اس کی بات پہ سب کے چہروں پہ مسکراہٹ آئی تھی

"آنی اب ہم چلتے ہیں لیکن یہ مت بھولیے گا کہ آپکو آنا ہے بہت جلد"

عیان بھائی آپ بے فکر رہیں میں اور آنی جلد آپ لوگوں کا سکون برباد کرنے آجاہیں "
گے"

رباب کی بات پہ سب کی ہنسی گونجی تھی کچھ ٹاہم پہلے والی اداسی ماحول سے مکمل ختم ہو
چکی تھی

***...

www.novelsclubb.com

وہ اسلاماآباد پہنچ چکے تھے ابھی احمد ولا کی طرف جا رہے تھے وردہ کا دل 220 کی رفتار سے
دھڑک رہا تھا

"بھیا مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے"

وردہ نے اپنے ہاتھ مسلتے ہوئے کہا

"گڑیا جسٹ ریلکس کچھ نہیں ہو گا"

پر بھیا------"

"وری ہم گھر جا رہے ہیں کہیں جنگ پر نہیں"

اس سے پہلے کہ وردہ بات مکمل کرتی زارون بیچ میں بولا

اگر کسی نے مجھے کچھ کہا تو؟"

"کوئی کچھ نہیں کہے گا بہنا"

"پھر بھی بھیا"

"میڈم تیرے بھیا کے سر کی قسم کوئی کچھ نہیں کہے گا"

www.novelsclubb.com

زارون نے باقاعدہ ڈراوہینگ کرتے عیان کے سر پہ ہاتھ رکھ کر کہا

"میرے بھیا کے سر کی قسم کیوں لی"

لہجے میں غصے کی آمیزش واضح تھی

تو کیا اپنے سر کی قسم لیتا؟"

"مجھے نہیں پتہ لیکن آہینده بھیا کے سر کی قسم نہیں لینا""

انداز وارننگ دیتا ہوا تھا

"اوکے آہینده یہ ناچیز سر کی قسم نہیں لے گا بلکہ پاؤں کی لے گا ٹھیک ہے"

"ضرورت نہیں ہے میرے بھیا کے کسی بھی عضو کی قسم لینے کی"

"آپ کا بھیا ہونے سے پہلے میرا دوست ہے یہ"

نہیں"زارون مسکراہٹ دبا کر بولا"

ہاں"لہجے میں مان تھا کہ اس کی بات کی نفی ہو ہی نہیں سکتی"

"ایک منٹ بھیا آپ بتاہیں آپ پہلے میرے بھیا ہیں یا زارون کے دوست"

عیان جو تشکر بھری نظروں سے زارون کو دیکھ رہا تھا فوراً گڑبڑا گیا اس سے پہلے کہ وہ جواب دیتا موبائل کی بپ ہوئی

www.novelsclubb.com

سالے صاحب سوچ سمجھ کے بولنا ورنہ میں اپنی معصوم بیوی کو نور کے علاوہ کسی کا "

"نام دوں گا اور مناتے رہنا ساری زندگی ناکام محبت کا سوگ

میسج پڑھ کے عیان کا دل کیا اس کا گلہ دبا دے

"گڑیا دونوں کا ہوں"

"بھیا لیکن پہلے"

زارون زیر لب مسکراہٹ دبا رہا تھا

میری گڑیا دیکھو آپ کے لیے میرے دل میں جو مقام ہے وہ زارون کے لیے نہیں اور "زارون کا آپ کے لیے نہیں کوئی کسی کی جگہ نہیں لے سکتا ہمارے دل میں ہر کسی کا اپنا مقام ہوتا ہے ہر کسی کی اپنی جگہ ہوتی ہے جو جگہ بہن کی ہوتی ہے وہ دوست "نہیں لے سکتا اور جو دوست کی ہوتی ہے وہ بہن نہیں لے سکتی

"امیزنگ لیکن میرے پوائنٹس زیادہ ہیں زارون سے"

وردہ چہکی اس وقت نہیں لگ رہا تھا کہ وہ دونوں جڑواں ہیں وردہ بھائی کے سامنے کوئی دس سال کی بچی بن گئی تھی اور عیان نہیں لگتا تھا کہ وہ اس سے صرف پانچ منٹ بڑا ہے وہ تو اس دس سال کی بچی کے لیے دس سال بڑا بھائی بن گیا تھا

"وہ کیسے ؟"

زارون نے حیرت سے پوچھا

www.novelsclubb.com

وہ ایسے کہ"

میں بہن ہوں ایک پواہینٹ میرا

آپ بھیا کے دوست ہیں ایک پواہینٹ آپ کا

میں بھیا کی دوست بھی ہوں تو ایک اور پواہینٹ میرا

آپ بہن بن نہیں سکتے

"میں بھائی ایک اور پواہینٹ میرا"

دو دو برابر زارون مسکراہٹ دبا کر بولا

"اچھاااا آپ بھائی تو میں بھابھی"

میرے ہوئے تین پواہینٹ آپ کے دو

www.novelsclubb.com

اوکے میں اس کا بہنوئی"میرے بھی تین پواہینٹ"

عیان حیران پریشان دونوں کو دیکھ رہا تھا

"میں انکی سالی بھی کیونکہ یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ نور میری بہن ہے"

So im winner and you..............

وردہ جملہ ادھورا چھوڑ کے مسکرائی زارون کی شکل دیکھ کر عیان کے قہقے گونجے تھے

اتنا تو وہ جان گیا تھا کہ بحث میں لڑکیوں سے جیتنا مشکل ہے لیکن شاید وہ یہ بھول گیا تھا کہ جس سے بحث کر رہا تھا

وہ دوست کس کی ہے؟

اب اس سے پہلے آپ پوچھو میں بتا دیتی ہوں کہ بھیا جب کاشان بھائی کے کہنے پہ " "کینٹین میں اپنا محبت نامہ سنا رہے تھے تب ہم وہاں ہی تھے

وہ دونوں حیران پریشان اسے دیکھ کے مسکرا دیے"

***........................

"بابا چھوٹے ابو چھوٹی ماما کہاں ہیں سب جلدی آہیں"

لاؤنج میں آ کے عیان نے اونچی آواز میں پکارا سب حیران پریشان باہر آئے تھے

کیا ہوا-------------"

عثمان احمد اپنا جملہ پورا کرتے اس سے پہلے انکی نظر عیان کے پیچھے کھڑی عبایا میں " ڈری سہمی لڑکی پر پڑی

"وردہ میری گڑیا"

عثمان احمد اپنی گڑیا کی کتھئی آنکھیں پہچان چکے تھے وہ ان کا اپنا خون تھی انہیں کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہیں پڑی تھی نا ہی کسی کو بتانے کی کہ

یہ ڈری سہمی لڑکی کون ہے؟

"میری حور میری جان کہاں تھی آپ"

عثمان احمد اس کی پیشانی پہ بوسہ دیتے ہوئے پوچھ رہے تھے سب کی آنکھیں نم تھیں

کیا مان تھا ایک باپ کو بیٹی پہ کہ وہ اپنی بیٹی کو آپ کہہ کر پکار رہے تھے

"بھئی ہمیں تو ملنے دو اپنی گڑیا سے"

ملک احمد نے مسکراتے ہوئے کہا پھر وردہ ایک ایک کر کے سب سے مل چکی تھی

www.novelsclubb.com

اب میں اپنی گڑیا کا سب سے تعارف کرواتا ہوں"

گڑیا یہ ہمارے ہمدرد بابا ہیں یہ ہمارے بہادر چھوٹے ابو ہیں یہ پیاری لڑکی ہماری چھوٹی ماما

"ہیں یہ نکما انسان ہمارا کزن ہے اور یہ ہینڈسم لڑکا آپکا اکلوتا بھائی ہے

عیان کے تعارف کروانے کے اسٹائل پہ سب ہنسنے لگے

"اچھا عیان زرا اس خوبصورت لڑکی کا بھی تعارف کروادو"

چھوٹی ماما کی بات سن کر سب عثمان صاحب کے ساتھ بیٹھی وردہ کو دیکھ رہے تھے

"یہ معصوم گڑیا خوبصورت لڑکی اور ڈمپل کوئین اس گھر کی اکلوتی بیٹی ہے"

سب ہی مسکرائے تھے وردہ جھینپ گئی

سب نے سوچا اس گھر کی خوشیاں لوٹ آئی ہیں

کھوئی ہوئی چمک سب کے چہروں پہ لوٹ آئی تھی

لیکن کوئی نہیں جانتا تھا آگے کیا ہوگا

وردہ کی زندگی کا ایک باب مکمل ہوا تھا

وہ باب جو اس نے اپنے گھر اور خونی رشتوں کے بغیر گزارا تھا

www.novelsclubb.com

وہ باب جو اس نے صبر کر کے گزارا تھا

وہ اس کی زندگی کا ایک تلخ باب تھا

جس میں چار سال کی عمر میں اس کا بچپن ختم ہو گیا تھا

لیکن وہ باب وردہ کے لیے خوشگوار تھا

کیونکہ

اسی باب میں اسے جان سے پیاری دوستیں ملیں تھیں

***...

کیسی ہو جذباتی چڑیل؟"

الحمداللہ میں بالکل ٹھیک ٹھاک ہشاش بشاش تم لوگ کیسے ہو؟"

"ہم بھی ٹھیک ٹھاک ہشاش بشاش"

"خیر کیسا رہا تمہارا ایڈونچر"

وہ تینوں ملک ہاؤس آئیں تھیں وردہ سے ملنے"

بہت بہت اچھا رہا سارا تم کیوں اداس لگ رہی ہو کچھ ہوا ہے کیا؟"

www.novelsclubb.com

زرتاشہ کے سوال کا جواب دے کے وردہ نے سارا سے سوال بھی پوچھ لیا

"کچھ خاص نہیں انجوائے کرو سب"

سارا نے عجیب سے لہجے میں کہا جیسے کسی نے کوئی خاص توجہ نہیں دی وہ اسے سب

اس کی اداسی کی وجہ سمجھ رہے تھے وہ سب دوبارہ

اپنی باتوں میں مشغول ہوگئیں تھیں

......................***

"بڑی مجھے لگتا ہے اب ہمیں تمہاری شادی کی بریانی کھا لینی چاہیے"

کاشان نے سمجھو ایک عظیم مشورہ دیا تھا

"میں کیا کھلاؤں میرے سالے صاحب کو پہلے مناؤ"

زارون نے مسکین سی شکل بنائے کہا

"سالے صاحب کو چھوڑو سسر صاحب کو مناؤ بہنوئی صاحب"

عیان نے بظاہر سنجیدگی سے کہا مگر شرارت واضح تھی

بڑی مزاق کا وقت نہیں ہے کوئی حل نکالو مجھے یقین ہے وہ ساہیکو کچھ غلط کرنے کی "

ضرور کوشش کرے گی"

www.novelsclubb.com

"آہیڈیا ہے ایک میرے پاس"

کاشان اپنی جگہ سے کھڑا ہوتا ہوا بولا

"ابے پھر دفعہ کہاں ہو رہا ہے بتا نا"

زارون جھنجلا کے بولا

کیوں نا ہم۔۔۔ ہم اس بلیک میلر سے"

رک کے سب کے چہروں کو دیکھا جہاں پہ تجسس کے سوا کچھ نہ تھا

"مسٹر ساہیلنٹ کی شادی کر دیں"

"واٹ"

تینوں کے منہ سے مشترکہ نکلا تھا

اور کاشان کی باہر کی طرف دوڑ لگ گئی تھی

زارون اپنے دونوں ہاتھ سر پہ رکھ کے بیٹھ گیا بقول اس کے

(کوئی سیریس ہوتا ہی نہیں ہے)

www.novelsclubb.com

***.......................

"بیٹا کیا کھاؤ گی آج آپکی پسند کا کھانا بنواتے ہیں"

"بابا کچھ بھی چلے گا جو آپ کھاہیں گے میں بھی وہ ہی کھا لوں گی"

لاڈ سے کہے گئے اس جملے میں باپ کے لیے کیا مان تھا کہ سب کے لب ہی مسکرا اٹھے تھے

"اچھا گڑیا آہیسکریم کھاؤ گی"

"اف بابا دیکھیں بھیا مجھے کیسے بچوں کی طرح ٹریٹ کر رہے ہیں"

"گڈے ہماری گڑیا کو بچوں کی طرح ٹریٹ نہیں کرو"

چھوٹی ماما کا عیان کو گڈا کہنا پہلے تو سب حیران ہوئے پھر چھت پھاڑ قہقے جس میں وردہ کی ہنسی واضح تھی

وہ آدھے دن میں ہی ان سب کے ساتھ گُل مل گئی تھی ساری بد گمانیاں ختم ہو گئیں تھیں

***..................

www.novelsclubb.com

گھر میں دو دن ہو چکے تھے کل وہ نور کے گھر گئی تھی۔ آج وہ یونی کے لیے تیار ہو رہی تھی

گڑیا ریڈی ہو تو آ جاؤ؟"

عیان نے باہر سے ہی آواز لگائی

"ابھی آئی بھیا بس ایک منٹ ویٹ"

اپنا عبایا سیٹ کرتے ہوئے بولی

اگلی کچھ دیر میں وہ باہر آگئی تھی

"بابا"

اسنے عثمان صاحب کے سامنے کھڑے ہو کر انہیں آواز دی وہ سمجھ گئے تھے کہ ان کی گڑیا کیا چاہتی ہے

جب انہوں نے اس کی پیشانی پہ بوسہ دیا بدلے میں وردہ نے بھی بوسہ دیا اسی طرح باری باری چھوٹے بابا اور چھوٹی ماما کو بوسہ دے کر وہ تینوں سب کو مسکراتا چھوڑ کر یونی کے لیے نکل گئے

www.novelsclubb.com

جانے کیوں عثمان احمد کا دل کیا کہ آج اپنی گڑیا کو یونی جانے سے روک لیں لیکن وہ روک نہیں پائے تھے

***...

"گڑیا دھیان رکھنا اپنا"

عیان ایک اور بار وردہ کو نصیحت کرنا نہیں بھولا تھا

میرے گڈے بھیا بی ریلکس آپ مجھے گڑیا بولتے ہیں اس کا یہ مطلب تو نہیں میں گڑیا "
"ہی ہوں

وردہ کی بات پہ زارون اور عیان دونوں کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیلی تھی

"اللہ حافظ بھیا اللہ حافظ زاری"

دونوں کو الگ الگ اللہ حافظ کرنے کے بعد وہ جانے کے لیے مڑی لیکن پیچھے سے اس نے ان دونوں کا جوابی اللہ حافظ بخوبی سنا تھا

وہ حیران تھی کیونکہ ان دونوں کے چہروں پہ پریشانی واضح تھی

***..................................

www.novelsclubb.com

"آج یہ عید کا چاند کہاں سے نمودار ہوا ہے؟"

زرتاشہ نے پرسوچ انداز میں کہا

"تم جیسے ندیدوں پہ آج عید کے چاند کو آخر ترس آہی گیا اس لیے نمودار ہوا ہے"

سب کے چہروں پہ مسکراہٹ پھیلی تھی

"اچھا آج تم سب میرے گھر چلنا اوکے"

زرتاشہ نے باری باری سب کے چہروں کو دیکھ کر تاہید چاہی

تم سب میرے گھر چلو کیونکہ بھیا مجھے کہیں پہ بھی جانے نہیں دیں گے پتہ نہیں کیا "

"ہوا ہے وہ بہت پریشان ہیں

وردہ کھوئے ہوئے لہجے میں بولی وہ واقعی خود بھی پریشان ہو گئ تھی اس سب رویے سے

"وری تم نے پوچھا نہیں عیان بھائی سے کہ اس رویے کی وجہ کیا ہے"

نور نے فوراً پریشان ہوتے ہوئے کہا

"دادی اماں پہلے تو آپ میرے ہینڈسم بھائی کو بھائی تو نا کہیں"

وردہ کی بات پہ زرتاشہ اور سارا کی ہنسی گونجی تھی جبکہ نور نا سمجھی سے دیکھ رہی تھی یا شاید یہ جانچنے کی کوشش کر رہی تھی کہ اس کی دوست پاگل تو نہیں ہو گئ

وہ چاروں سیڑھیوں پہ بیٹھی گپیں ہانک رہی تھیں ہمیشہ کی طرح سارا آج بھی کوئی بات تو نہیں کر رہی تھی لیکن ہنستے ہوئے ان کا ساتھ ضرور دے رہی تھی

***..

"بڑی اس سب میں اگر کچھ غلط ہو گیا تو"

یار پہلے کبھی مسٹر ساہیلنٹ کا کوئی بھی آہیڈیا فلاپ ہوا ہے؟"

کاشان نے سنجیدگی سے سوال پوچھا

"نہیں"

زارون نے اپنی ہلکی داڑھی کجھاتے ہوئے کہا

"تو سمجھو یہ بھی نہیں ہو گا اب زیادہ اتاؤلا نا ہو"

"اوکے باس"

زارون نے تابعداری سے سر جھکایا اس کے اس انداز پہ تینوں کی ہنسی چھوٹی تھی

www.novelsclubb.com

"ویسے ہمیں بڑا چالاک + مکار دوست ملا ہے مسٹر بے ڈھنگے کی صورت میں"

کاشان تھوڑا پیچھے کی طرف کھسکتے ہوئے بولا

یار کاشی آج تم مجھے بتا ہی دو؟"

عیان اور زارون جو قہقے لگا رہے تھے انکو گھورتے فرجاد نے کاشان سے پوچھا

جس نے فوراً تابعداری سے سر جھکا لیا جیسے کہہ رہا ہو(جو کہوں گا سچ کہوں گا سچ کے سوا کچھ نہیں کہوں گا)

تم ہمیشہ میری ہی ٹانگ کیوں کھینچتے ہو؟"

سوال فرجاد کے بدلے زاروں کی جانب سے آیا تھا وہ جانتا تھا فرجاد کے زہن میں یہی سوال ہو گا

فرجاد نے اسے تاہیدی نظروں سے دیکھا جیسے کہہ رہا ہو(دیکھو دوست ایسے ہوتے ہیں جو دل کی بات بھی سمجھ لیتے ہیں)

کیونکہ مسٹر ساہیلنٹ کی ٹانگ تم دونوں کی ٹانگوں سے لمبی ہیں اس لیے خود ہی میرے "
"ہاتھ میں آجاتی ہے اور میں کھینچ لیتا ہو

لہجے میں بھلا کی معصومیت جیسے اس سب میں اس کا تو کوئی قصور ہی نہیں ہے

www.novelsclubb.com

اس کے انداز پہ سب کی ہنسی گونجی تھی اور اس ہنسی میں فرجاد کی ہنسی بھی تھی

***.........................

زری یار بہت بھوک لگ رہی ہے"سارا نے پیٹ پہ ہاتھ رکھتے ہوئے کہا"

"ہمم تو چلو کینٹین چلتے ہیں"

زرتاشہ اٹھتے ہوئے بولی

"آہھ"

سارا کی کراہنے پہ تینوں نے اسے دیکھا

کیا ہوا؟"

نور نے پریشانی سے پوچھا

"میرا پاؤں سن ہو گیا ہے ایسا کرو میں اور وری ادھر بیٹھی ہیں تم لوگ کچھ لاؤ"

"اوکے باس"

زرتاشہ نور کا ہاتھ پکڑ کر کینٹین کی طرف چل دی

www.novelsclubb.com

***...............

کچھ پل اسی خاموشی میں سرک گئے--------

"وردہ میرے پاؤں میں اب مجھے درد فیل ہو رہا ہے چلو تھوڑا واک کر لیتے ہیں"

سارا کے اچانک اٹھنے پہ وردہ حیران تو ہوئی لیکن کہا کچھ نہیں بغیر کچھ کہے وہ اس کے ساتھ چلنے لگی

"سارا یہاں نہیں جاؤ"

سارا کو تیسری منزل پہ جاتا دیکھ وردہ نے ٹوکا

"یار وری آجاؤ دیکھتے ہیں"

وہ وردہ کا بھی ہاتھ پکڑے اپنے ساتھ لے جانے لگی

***......................

"سارا یار مجھے گھبراہٹ ہورہی ہے اور زری والے بھی پریشان ہوں گے"

"وہ دیکھو یار بھابھی والے ادھر آرہے ہیں اور وری انکے ساتھ نہیں ہے"(

www.novelsclubb.com

)زارون پریشانی سے بولا

"او کم آن کچھ نہیں ہو گا بس تھوڑی دیر"

)کاشی اٹھو پوچھو جلدی وہ کہاں ہے(

"یار اچانک تمہیں کیوں شوق ہوا ہے ادھر آنے کا جانتی ہو نا کہ ادھر کوئی نہیں آتا"

)زری وردہ بھابھی کہاں ہیں(

"بس سارا میں اور آگے نہیں جاؤنگی"

چھت کی منڈیر سے بس کچھ فٹ کا فاصلہ تھا

وہ ادھر سیڑھیوں پہ ہیں لیکن تم سب ایسے پریشان کیوں ہو رہے ہو؟")

زرتاشہ کی بات کا بغیر کوئی جواب دیے ان چاروں نے سیڑھیوں کی طرف دوڑ لگا دی زرتاشہ

)اور نور بھی حیران پریشان ان دونوں کے پیچھے آہی تھیں

"آہی ایم سوری وردہ لیکن میں تمہیں مزید زندہ نہیں چھوڑ سکتی"

وہ اس طرح کھڑی تھی کہ اس کے ایک دھکے سے وردہ زمین بوس ہو سکتی تھی اور وردہ کے بھاگنے کی بھی کوئی جگہ نہیں تھی

"یہاں تو کوئی بھی نہیں ہے")

)زارون دھاڑا تھا عیان کا دماغ بالکل ماؤف ہو رہا تھا کہ عیان کے ماںباپ کی رنگ ہوئی

***...............

سارا آر یو اوکے تم مجھے یہ اس ٹوٹی پھوٹی منزل پہ کیوں لائی ہو؟"

www.novelsclubb.com

وردہ نے صلاح جو انداز میں پوچھا

"نووووو تم نے مجھے کبھی اوکے رہنے دیا ہی نہیں"

کیا نفرت آمیز لہجا تھا

سارا بلیو می میں نے تم میں اور تاشہ اور نور میں کوئی فرق نہیں کیا تم تینوں برابر ہو "

"میرے لیے

وردہ کے لہجے میں کوئی گبھراہٹ نہیں تھی اسے یقین تھا کچھ بھی ہو جائے اس کی دوست اس یہاں سے دھکا نہیں دے گی کیونکہ اسے صرف وقتی غصہ ہے

میں نے یہ کب کہا کہ تم نے فرق کیا ہے؟"

اس کے چہرے پہ ایک پر اسرار سی مسکراہٹ تھی

سارا مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا کہ تم کیا کہہ رہی ہو چلو نیچے بیٹھ کے بات کرتے ہیں تم "

"بتاؤ تمیں کیا چاہیے

"میں زارون سے شادی کرنا چاہتی ہوں"

الفاظ تھے یا کچھ اور وردہ کو تو یہ صور سے کم نا لگا

"کیا تمہیں نہیں پتہ وہ میرا شوہر ہے"

وردہ نے جیسے اس کی معلومات میں اضافہ کیا مگر ٹھٹکی تعجب سے دونوں بھنویں آپس میں ملائیں

تو کیا اس کے لیے تم مجھے--------"

پھر یقیناً وہ بھی تمہارے ساتھ----------

دانستہ بات ادھوری چھوڑ دی گئ

"ہاں وہ بھی میرے ساتھ شامل ہے"

سارا کی یہ بات سن کے وردہ کی زور سے ہنسی چھوٹی تھی

سارا تمہیں پتہ ہے زارون مجھے کبھی کبھی بھی دھوکہ نہیں دے سکتا وہ کبھی اپنی وردہ کا " مان نہیں توڑ سکتا وہ کبھی بھی اپنی منکوحہ کو چھوڑ نہیں سکتا میں وردہ زارون احمد اس بات پہ کبھی یقین نہیں کر سکتی البتہ ایک بات ہے کہ میرا ماننا تھا کہ میرا انتخاب کبھی غلط نہیں ہو سکتا لیکن تم نے مجھے غلط ثابت کر دیا

اب آواز میں دکھ تھا

تم نے سارا

سارا ناگواری سے اس کی بات سن رہی تھی

تم نے یہ سب کرنے کی کوشش کی فار گاڈ سیک سارا آہیندہ کبھی میرے سامنے مت آنا

"تم وہ ہو جس نے دوستی میں منافقت کی ہے

سارا جو وردہ کی بات سن رہی تھی اچانک چونکی اس سے پہلے وہ پیچھے مڑتی ایک زور دار دھکے سے گری اور وردہ بھاگتے ہوئے اس کی دوسری سا ہیڈ سے نکلی

لیکن جب سارا نے مڑ کے دیکھا تو اس کا اوپر کا سانس اوپر رہ گیا

کیونکہ سیڑھیوں کے دھانے پہ شیطان کے چیلوں اور سول سسٹرز کھڑے تھے

"زارون------------"

سارا کے منہ سے ادا ہونے والا پہلا الفاظ ہی یہی تھا

"shut upppppppppp"

زارون دھاڑا تھا

www.novelsclub.com

تمہیں کیا لگتا ہے تم مجھے دوسری سم کارڈ سے ٹیکسٹ کرو گی ڈراؤ گی دھمکاؤ گی تو مجھے "
کچھ پتہ نہیں چلے گا پاگل سمجھا ہے کیا؟؟؟

زارون کو شدید غصہ آرہا تھا

شرم آنی چاہیے تمہیں ان تینوں کو دیکھو جن کی شاک کی وجہ سے زبان تالو سے چپک "
گئی ہے کیا تمہارے ضمیر نے تمہیں ملامت نہیں کیا اپنی بہنوں جیسی دوستوں کے ساتھ
"دھوکا کرتے ہوئے

بکواس!!!!!!!! سب بکواس انہوں نے مجھے کبھی دوست سمجھا ہی نہیں انکے لیے سارا "
کوئی مطلب نہیں رکھتی میں جو آج کرنے جا رہی تھی وہ دوبارہ کروں گی زندگی میں دس دفعہ
کروں گی زارون جب میرا یعنی سارا کا ((انگلی سے سینے پہ دستک دی)) نہیں ہی تو کسی کا
"بھی نہیں

www.novelsclubb.com

اس وقت اس پہ غصہ ترس دکھ سب کی ملی جلی کیفیات تھیں وہ کوئی سائیکو لگ رہی
تھی

............***

آتے ہیں کچھ عرصہ پہلے:

زاری میں جانتی ہوں وردہ کہاں ہے اگر مزید تم نے اسے ڈھونڈنے کی کوشش کی یا اگر وہ تمہیں مل گئی تو مجبوراً مجھے قاتل بننا پڑے گا

"لو یو

چاروں کو جیسے سانپ سونگھ گیا تھا

"میں سمجھ گیا کس کی حرکت ہے"

فرجاد کچھ سوچتے ہوے بولا

"کس کی بتاؤ مجھے ابھی نانی یاد دلاتا ہوں اسکی"

عیان غصے سے بولا

"اوئے کنٹرول مسٹر جزباتی"

کوہی اور وقت ہوتا تو وہ دونوں خوشی سے نہال ہو جاتے کہ عیان کو بھی کوہی نک نیم ملا ہے

"دیکھو کاشی اور زری بھابھی کا نکاح ہو گیا ہے"

"ابھی ان دونوں کا کیا ذکر حد ہے ویسے یار"

-عیان بھڑک کر بولا

ابے لعنتی ایک بار پوری بات سنے گا؟"

کاشان نے گھور کر کہا تو عیان کو چارو نا چار اب اسکی داستان سننی تھی

"بکو بھی اب"

مسلسل فرجاد کو خاموش دیکھ کر عیان نے اکتا کر کہا

"رکو سمجھاتا ہوں دیکھو کوئی نہیں جانتا کہ وردہ بھابی کہاں ہے سوائے"

وہ تینوں دلچسپی سے فرجاد کو دیکھ رہے تھے

"سوائے چڑیلوں کے خاندان کے"

کاشان کے اس انداز میں جواب دینے پہ فرجاد نے اسے گھور کے دیکھا تھا

www.novelsclubb.com

اور وردہ بھابھی غائب ہیں زرتاشہ بھابھی یہ کر نہیں سکتیں اور نورالعین اور سارا رہتیں "
ہیں تو ان دونوں میں سے کون ہو سکتی ہے؟؟؟

"سارا"

تینوں کے منہ سے بیک وقت یہ نام ادا ہوا تھا

ان تینوں کو اپنی دوستی پہ اندھا اعتبار ہے ان میں سے کوئی بھی ہمارا یقین نہیں کرے " "گی اس لیے سارا کو خود یہ بات بھابھی کے سامنے کرنی ہوگی

"آہ واواوا مسٹر انٹیلیجنٹ"

فرجاد نے جواباً کسی عظیم شاعر کی طرح ہاتھ ماتھے تک لے جاتے داد وصول کی تھی

***..................................

اور مس سارا ابھی تک ہم کوئی پلان بنا ہی رہے تھے کہ آپ نے ہمارا کام کر دیا اس " "کے لیے تھینکس

کاشان نے مسکرا کر کہا جواباً سارا نے پہلے کاشان کو اور پھر فرجاد کو خونخوار نظروں سے دیکھا تھا

(جس نے اپنی ذہانت کی مثال قاہم کرتے ہوئے اس کا بھانڈا پھوڑا تھا بقولِ سارا)

www.novelsclubb.com

اور سارا آہی ایم سوری ابھی جب تم نے مجھے اپنا اصل چہرہ دکھایا تو میں نے چھپ کے " "کال کر دی تھی بھیا کو اور انہیں ہماری باتوں سے اندازا ہو گیا تھا کہ میں کہاں ہوں

وردہ پہلی بار بولی تھی نور اور زرتاشہ ابھی تک خاموش تھیں جیسے لبوں پہ کوئی بھاری قفل لگ گئے ہوں ایسے تالے جن کی چابیاں کھو گئی ہوں

"اچانک تیز تیز چلنے کی آوازیں"

سارا نے چونک کے انکو دیکھا جو مسکرا رہے تھے البتہ ان تینوں (soul sisters) کے لبوں پہ زخمی مسکراہٹ تھیں آنکھوں میں آنسو تھے سارا نے منافقت کی تھی مگر وہ تینوں تو مخلص تھیں وہ تو اسے بہن ہی سمجھتی تھیں انکا زخمی ہونا بنتا تھا کیونکہ انکا بھروسہ توڑا گیا تھا مان دل اعتماد سب ٹوٹ گیا تھا توڑنے والی کوئی اور نہیں انکی اپنی دوست تھی ٹوٹنا تو آج بنتا تھا

***..................

انکے پاس یہ ساری گفتگو ریکارڈ تھی جسے سننے کے بعد سارا کو ایک نفسیاتی مریضہ قرار دے دیا گیا تھا اور اب وہ انڈرابزرویشن تھیں

www.novelsclubb.com

ان تینوں نے اسے معاف کر دیا تھا

***.....................

چار سال بعد:

کمرا اندھیرے میں ڈوبا تھا اور کوئی صوفے پہ ٹیک لگائے چھت کو دیکھ رہا تھا دفعتاََ کوئی کمرے میں آیا اور روشنی جلا دی صوفے پہ بیٹھے وجود نے کراہ کے آنکھیں میچی تھیں

مما آج وہ سب ایک ساتھ ہونگے خوش باش سارا تو انکو یاد بھی نہیں ہو گی وہ ہمیشہ کی طرح ہنسی مذاق پیار محبت کے ساتھ ہونگے

کاش مما میں نے اس محبت کے لیے دوستی کے پاک رشتے کو پیروں تلے نا روندا ہوتا

کاش میں نے دوستی میں منافقت نا کی ہوتی

کاش کاش کاش

مما سارے کھیل ہی اس کاش کے ہیں

کاش میں وقت میں پیچھے جا سکتی تو میں یہ سب کبھی نا کروں "

بیٹا احمد کے پرپوزل کا کیا سوچا؟"

ماں نے تاسف سے سر جھٹکتے ہوئے اپنی آمد کا مقصد بتایا یہ باتیں دن میں جانیں کتنی دفعہ سننے کو ملتیں تھیں

"مما جو آپ کو اور بابا کو مناسب لگے"

یہ اس ہٹ دھرم ضدی سارا سے ایک مختلف لڑکی تھی جو پچھتاوں میں گھری تھی

***..................

کاشان پلیز حماد کو سونے دو ورنہ----------"

یہ میرا بیٹا ہے جب تک میں چاہوں میرے پاس رہے گا اور ورنہ کیا!!!!-----------"

کاشان نے اپنی امڈتی مسکراہٹ بدقت روکی

"ورنہ میں تمہارے دوست کی شادی اٹینڈ نہیں کروں گی"

"نہ کرنا ان کا کھانا بچ جائے گا"

کاشان پہ تو کوئی اثر ہی نہیں ہونا تھا دو سالہ حماد کبھی ماں کا چہرہ دیکھتا اور کبھی باپ کا

زرتاشہ کی نظر جب معصوم سے حماد پہ پڑھی تو آرام سے کمرے سے نکل گئی کیونکہ وہ ہمیشہ احتیاط کرتے کہ انکی منہ ماری کے وقت جائے حادثے پہ حماد نہ ہو

چیمپ----------

حماد دی چھوٹا ڈان------------

***.....................................

"وری میری ڈمپل کوئین کہاں ہے"

زارون وہ حماد کے ساتھ ہو گی تم اسے کچھ دیر کھیلنے چھوڑ سکتے ہو؟"

وردہ نے اسے گھورتے ہوئے کہا

"یار تم کیوں جیلس ہو رہی ہو میری ڈمپل کوئین سے"

زارون نے بھی جواباً گھوری سے نوازا

وردہ مریم کے کپڑے نکال رہی تھی رات کے فنکشن کے لیے

ایک دن پہلے عیان اور فرجاد کا نکاح ہو گیا تھا اور اب ان کی مہندی تھی (

عیان کی منکوحہ نور تھی

) کل شام رباب رباب آفندی سے رباب فرجاد شاہ بن چکی تھی

www.novelsclubb.com

اففو مجھے تو کبھی ڈمپل کوئین نہیں کہا اور اس کوئین کا کبھی غلطی سے نام لے لیا"

"کرو سلطان معظم

مس وردہ یہ بات مت بھولیں کہ آپ کے پاس اکلوتا ڈمپل ہے جب کہ میری کوئین "

"کے پاس دو

مسکرا کے دو انگلیوں کی وی بنا کے دکھائی

اس سے پہلے کہ وہ کوئی جواب دیتی

بابا جانی"ننھی ڈھائی سالہ بچی باپ کے گلے لگی تھی"

کتنے پیار سے اس کے باپ نے مسکرا کے اس کی پیشانی سے بال ہٹائے اور چوما جب وہ ننھی پری مسکرائی تو بابا نے مسکرا کے اپنے لب پہلے داہیں گال پہ بنتے گڑھے اور پھر باہیں گال کے گڑھے پہ رکھے تھے بچی ہنوز مسکرا رہی تھی پھر بچی نے بھی وہی عمل دھرایا شاید نہیں یقیناً وہ بچی اس عمل کی عادی تھی

بچی کی ماں نے مسکرا کے اپنی کل کاہنات کو دیکھا اور بے اختیار اس کے دل سے اس بابا کی پری کے اچھے نصیب اور اپنے گھر کی خوشیوں کے قاہم داہم رہنے کی دعا نکلی تھی

www.novelsclubb.com

👯 ڈمپل کوئین----

👰 ماما کی رانی-----

😇 بابا کی پری------------

💗 ننھی مریم------------------

***..

💖--------ختم شد-------💖

💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞

www.novelsclubb.com